the contact of a person except in the official capacity, raise discussion which is detrimental to the public interest etc. Now one thing is important, it does not say that there will be no resolution on a matter on which there is legislation. It does not prevent you from passing a resolution.

Mr. Chairman: It is silent.

Senator Wasim Sajjad: It does not prevent you from passing a resolution on a matter which is the subject matter of legislation. Now what is the effect of passage of a resolution? This you will find in Rule 130, it says on the conclusion of discussion, the Chairman shall put resolution or as the case may be, the resolution as amended to the vote of the House and if passed by the Senate, a copy thereof shall be forwarded to the Division concerned.

کیا مطلب ہوا، اس کا مطلب یہ ہے کہ ایک resolution اگر پاس ہو جاتی ہے let's say قانون نہیں ہے Let us say there is no law on the subject. Resolution کا مطلب یہ نہیں بنتا کہ قانون ہو جاتا ہے۔ No, it is a recommendation, it goes to the Government, the Government can either accept it or not accept it, the only courtesy that is demanded is that reason should be given کہ جی ہاؤس کا ایک resolution ہے آپ نے اس کو کیوں نہیں مانا وہ ہاؤس کو بتانا چاہیے کہ اس میں financial problem یا کوئی اور ہے۔ اب اس معاملے میں تسلیم کرتے ہیں کہ قانون ہے ۔ اگر resolution آجائے گا تو اس کا مطلب یہ ہو گا کہ division میں جائے گا۔ اب division کا کام ہے کہ ہاؤس کی recommendation ہمارے پاس آئی ہے اس کی روشنی میں کیا ہم قانون کو بدلیں یا نہ بدلیں۔ اگر وہ محسوس کریں کہ بدلنا چاہیے اور ایوان کی عزت اور وقار کو ملحوظ خاطر رکھنا چاہیے تو وہ حکومت کو کہیں گے کہ اس بارے میں آپ ایک قانون سازی کریں اور اس کو تبدیل کر دیں یا وہ کہیں گے نہیں جی ہمارے حالات ایسے ہیں ہمیں کبھی کبھی یہ discretion چاہیے یا یہ نہیں ہونا چاہیے۔ لہذا یہ رکاوٹ نہیں ہوتی کہ اگر کوئی قانون ہے تو resolution move نہیں ہو سکتی۔ Resolution کا مطلب ہوتا ہے

it is an expression of opinion. It is an opinion of the House. It does not change the law. It does not even change the rule. It does not even change Government policy. It is a recommendation to the Government and it is up to the Government to respond in whatever proposed manner they want to do. Therefore this should not be enough.

Mr. Chairman: Thank you Wasim *Sahib*. It stands deferred.

آپس میں discuss کر لیجیئے۔

سینیٹر عبدالحسیب خان: وزیر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں۔

جناب چیئرمین: مجھے پتا ہے وزیر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں آپ گھبرائیے نہیں۔

سینیٹر عبدالحسیب خان: ہمارے پاس بیٹھنے کا جواز ہونا چاہیے۔

جناب چیئرمین: کوئی بات نہیں، ابھی نماز نہیں ہو گی، میں بیٹھا ہوا ہوں، آپ بھی بیٹھے ہوئے ہیں۔ وہ آپ کے سوال کا جواب دیں گے، بالکل دیں گے، گھبرائیے نہیں وزیر صاحب موجود ہیں۔ Let me go agenda۔ ایٹم نمبر ۲۸ طلحہ محمود صاحب موجود ہیں؟ نہیں ہیں، Item No. 28 is deferred. Item No 29. حافظ رشید صاحب۔

سینیٹر حافظ رشید احمد: یہ ایوان سفارش کرتا ہے کہ ایف سی آر میں ضروری اصلاحات کی جائیں۔

جناب چیئرمین: جی وزیر صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر ظہیر الدین بابر اعوان: جناب والا! یہ بحث کر لیں resolution ہے۔ اس پر I have seen the record جب آپ Law Minister تھے اس پر کافی کام ہوا ہے۔

جناب چیئرمین: فاٹا regulation بنی تھی۔ حافظ صاحب ذرا فاٹا regulation کو دیکھ لیں۔ FCR کا نام بھی بدلا گیا ہے۔ Stake holders کے ساتھ بیٹھ کر میں نے recommendations بنائی تھیں۔ When I was the Law Minister

سینیٹر حافظ رشید احمد : جناب اس پر تھوڑی دیر کے لیے اگر بات ہو جائے تو آپ کی مہربانی ہو گی۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے یہ بات کرنے سے پہلے رحمٰن ملک صاحب۔

سینیٹر اے رحمٰن ملک : شکریہ جناب چیئرمین! ہمارے ایم کیو ایم کے جو دوست، ساتھی ہیں انہوں نے واک آؤٹ کیا تھا کہ کراچی میں بھتہ خوری ہو رہی ہے۔ مختلف کاروباری حضرات کو calls کی جاتی ہیں اس کے خلاف ایکشن نہیں ہو رہا۔ میں ہاؤس کو بتانا چاہوں کہ ایک Ministerial Committee بھی بنائی گئی ہے اور ایکشن میں پرسوں تیس بندے گرفتار ہوئے تھے۔ آج بھی ایکشن ہو رہا ہے، جس جس کے متعلق کوئی شکایت آرہی ہے یا intelligence base پر ہم ایکشن لے رہے ہیں۔ I assure the House, I assure my friends that stern action shall be taken against them. I also spoke with Chief Minister Sindh اور میں نے انہیں کہا ہے کہ جن علاقوں میں یہ شکایت ہے وہاں پر پیٹرولنگ بھی زیادہ کریں۔ real time intelligence based action بھی لیں۔ دوسرا جو مالک صاحب نے بھی point out کیا تھا ان کو بیٹھنے کی اجازت ہو گی اور جیسا انہوں نے مجھے کہا کہ خیال بھی کریں، آج ان کو کھانا بھی میں بھجوا دوں گا۔ I will make sure that family remains comfortable.

جناب چیئرمین: ڈاکٹر مالک صاحب کہاں چلے گئے؟ اچھا وہ چلے گئے ہیں۔

(مداخلت)

سینیٹر اے رحمٰن ملک: یہ کافی باتوں سے آگاہ بھی ہیں، بہت سے پکڑ کر رکھے ہوئے ہیں۔ اگر کوئی قصور وار ہے تو ان کے خلاف action ہو گا۔ کوئی کسی کی victimization نہیں ہو گی and I assure the House کہ جو بھی law enforcement action کے لیے ہوتا ہے وہ action کے لیے ہوتا ہے کوئی دکھاوے کے لیے نہیں ہوتا وہ اگر دیکھنا چاہتے ہیں تو میں ان کو کل کراچی لے جاؤں گا اور ان کو دکھا بھی دوں گا۔ ان کے خلاف جو action ہو گا وہ دیکھ لیں گے۔

جناب چیئرمین: جی حافظ صاحب پلیز بحث شروع کیجیئے۔ جی شاہ صاحب۔

سید نوید قمر (وزیر برائے پانی و بجلی): آپ کی طرف سے ایک حکم آیا تھا کہ میں بلوچستان کی بجلی کے بارے میں کچھ وضاحت کرنا چاہوں۔

جناب چیئرمین: جی، electricity report کی مانگی تھی۔ مندوخیل صاحب کہاں ہیں؟ مندوخیل صاحب کا point of order تھا اور کسی اور کا بھی تھا۔ مولانا گل نصیب خان کا بھی تھا۔ میرا خیال ہے کہ بلیدی صاحب کا بھی تھا۔ بلیدی صاحب موجود نہیں ہیں۔ کوئی بات نہیں آپ اپنی رپورٹ دے دیں۔ اصل میں یہ حاصل بزنجو صاحب کا تھا۔ انہوں نے کہا تھا کہ کوئی ۲۲ دن سے کچھ اضلاع میں بجلی نہیں ہے۔

سید نوید قمر: جناب! مندوخیل صاحب نے point of order raise کیا تھا اور میں جواب دے چکا ہوں لیکن اس کے باوجود دوبارہ raise ہوا تو میں یہ رپورٹ پیش کر سکتا ہوں کہ کوئٹہ کی جو بجلی ہے وہ تین different transmission lines سے آتی ہے جو بلوچستان اور کوئٹہ کو serve کرتی ہے سوائے ضلع لسبیلہ کے جس کے لیے بجلی ہم ایران سے import کرتے ہیں۔ اس میں multiple sabotage activity کی وجہ سے ان transmission lines کو damage کیا گیا تھا تو ایک extra ordinary situation وہاں create ہو گئی تھی جہاں کچھ areas میں almost 23 hours تک لوڈشیڈنگ ہوتی تھی اور ایک گھنٹے کے لیے بجلی آتی تھی۔ So, which was totally unacceptable اور اس کے لیے مختلف arrangements کیے گئے اور ان transmission lines کو ٹھیک کرنے کے لئے multiple attempts ہوئے جس میں متعدد لوگ شہید بھی ہوئے اور زخمی بھی ہوئے تو اس میں FC کے دو جوان بھی شہید ہوئے اور 12 پیپکو کے ملازمین including an XEN زخمی ہوئے ہیں لیکن اس کے باوجود ہم نے effort نہیں چھوڑی۔ انہوں نے بے انتہا کوشش کرکے ان تینوں ٹرانسمیشن لائنز کو repair کرکے functional کر دیا ہے۔ سوائے ایک اور لائن کے جو کہ سبی ہرنائی ٹرانسمیشن لائن ہے وہ ابھی بھی out of commission ہے اور ابھی تک وہاں پر security situation اس حد تک بہتر نہیں ہوئی یا security provide نہیں ہوئی کہ ہم اس پر ابھی کام شروع کر سکیں لیکن situation کافی حد تک improve کر چکی ہے۔ جہاں تک کوئٹہ شہر میں لوڈشیڈنگ ہو رہی ہے تو باقی ملک میں جو لوڈشیڈنگ ہو رہی ہے اسی کی مناسبت سے وہاں پر بھی تقریباً چار گھنٹے لوڈشیڈنگ ہو رہی ہے اور باقی دیہاتی علاقے ہیں وہاں پر ابھی بھی 12 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ ہو رہی ہے which is definitely worse than what is being done in the rest of the country. وہ ہم wait کر رہے ہیں کہ جیسے ہی ہمیں یہ security مل جاتی ہے سبی ہرنائی لائن کے لئے اس کو بھی ہم repair کر دیں گے تاکہ at

لیکن یہ حالات بہتر تب ہوں گے جب کم least we go back to the normal position
از کم دو ہمارے اور پراجیکٹس جو under construction ہیں ایک دادو خضدار ٹرانسمیشن لائن
ہے اس سے 300 میگاواٹ ایڈیشنل آئے گا جو کہ اسی سال انشاء اللہ مکمل ہونا ہے اور اس سے کافی حد
تک کمی پوری ہو جائے گی لیکن ultimately ایک اور ہماری ٹرانسمیشن لائن ہے 220 KV کی DG
Khan سے لورالائی تک ٹرانسمیشن لائن ہے اس میں 450 میگاواٹ power additional,
system میں آنا ہے۔ اس کے بعد کم از کم اس وقت تک یا تھوڑی سی further expected
additional demand وہ پوری طرح سے meet ہو جائے گی اور یہ بلوچستان میں لوڈشیڈنگ کا
مسئلہ ختم ہو جائے گا۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جی شیرانی صاحب! آپ کوئی بات کرنا چاہتے ہیں۔

سینیٹر مولانا محمد خان شیرانی: شکریہ، جناب چیئرمین صاحب! میں آپ کی وساطت سے محترم منسٹر صاحب کی خدمت میں گزارش کروں گا کہ جو گومل زام ڈیم ابھی تک تعمیر ہو رہا ہے اس سے بجلی نکالی جاتی ہے۔ اس میں اکثر پانی دریائے ژوب کا ہے جو ہم سے گزر کے وہاں پر جاتا ہے۔ کیا اس سے بلوچستان کو کوئی لائن دینے کا کوئی پروگرام ہے؟ نمبر دو۔ چشمہ بیراج سے اور چشمہ پاور ہاؤس سے ایک proposal تھا براستہ D I Khan ژوب ایک ٹرانسمیشن لائن بچھانے کا۔ کیا اس پر بھی کوئی کام ہو رہا ہے یا اس کو آگے بڑھایا گیا ہے۔ D G Khan اور لورالائی کا جو ٹرانسمیشن لائن ہے اس پر کافی عرصے سے کام شروع ہوا ہے۔ اس کی تکمیل کے مراحل کب پورے ہوں گے؟

جناب چیئرمین: جی، مری صاحب۔

سینیٹر میر محبت خان مری: جناب چیئرمین! وزیر صاحب سے میری یہ گزارش ہے وہ تفصیل تو انہوں نے بتا دی ہے کہ بلوچستان میں لوڈشیڈنگ کس وجہ سے ہے۔ ٹاور گر رہے ہیں۔ واپڈا کے لوگ شہید ہو رہے ہیں۔ اتنے بڑے جرم ہونے کے باوجود آپ نے ملزموں کی کوئی نشاندہی نہیں کی کہ ایسے مجرموں کو جس سے پورا صوبہ متاثر ہو رہا ہے اور بچہ بچہ اس سے متاثر ہو رہا ہے ان دہشت گردوں کو گرفتار کیوں نہیں کیا جاتا۔ آپ کے پاس اختیار نہیں ہے یا آپ کرنا نہیں چاہتے۔ اس کی وضاحت کریں۔

جناب چیئرمین: جی، پہلے شیرانی صاحب کا اور پھر مری صاحب۔

سید نوید قمر: جناب چیئرمین! ٹرانسمیشن لائن کی انہوں نے جو بات کی ہے۔ وہ proposal تو تب feasible ہوتا ہے جب DI Khan میں ایک گرڈ اسٹیشن بنا رہے ہیں ایک دفعہ وہ جب complete ہوجائے تو اس کے بعد وہاں سے آگے ٹرانسمیشن ممکن ہو گی۔ تو definitely یہ پراجیکٹ under consideration ہے۔ جہاں تک انہوں نے سوال کیا کہ DG Khan لورالائی کی ٹرانسمیشن لائن کس stage پر پہنچا ہے؟ Asian Development Bank اس پراجیکٹ کو finance کر رہا ہے اور ان پر کوئی issues تھے regarding the company جن کو award ہوا تھا وہی اس ساری چیز کو process کر رہا ہے۔ Expected ہے کہ تقریباً دو سال میں یہ پراجیکٹ مکمل ہو سکے گا۔ جہاں تک یہ سوال ہے کہ بلوچستان میں دہشت گردوں کو گرفتار کیوں نہیں کیا جاتا۔ تو جناب چیئرمین! پہلی چیز تو یہ ہے کہ صرف ٹرانسمیشن لائن کی بات نہیں ہے۔ آج بھی ملک میں گیس کی shortage کی ایک وجہ یہ ہے کہ بار بار وہاں پر پائپ لائنز blow up ہوتی ہیں اور یہ پوری کی پوری sabotage activity وہاں پر چل رہی ہے جس میں صوبائی حکومت اور مرکزی حکومت اس پر focused ہیں لیکن unfortunately اس کا political اور administrative حل نکالنا ہے وہ ابھی تک اگر نکل چکا ہوتا تو بلوچستان کی ترقی بھی ہوتی اور یہ پورا ملک ترقی کرتا۔ ہم صرف یہ نہ سوچیں کہ وہاں پر اگر disturbance ہو رہی ہے تو باقی ملک exempted ہے۔

جناب چیئرمین: باقی points of order بعد میں لئے جائیں گے۔ جی، حافظ رشید صاحب۔

Resolution on FCR

سینیٹر حافظ رشید احمد: جناب چیئرمین صاحب! آپ کی اجازت سے آج میں ایک اہم چیز جو ہمارے فاٹا کے حوالے سے ہے وہ House کے سامنے لانا چاہ رہا ہوں۔ وہ ہے FCR کے حوالے سے بات کرنا۔ جناب چیئرمین! FCR ہے کیا چیز؟ پورے House کو معلوم ہے اور آپ کو بھی معلوم ہے۔ Frontier Crime Regulation اس کا نام ابتدا ہی سے غلط ہے۔ جہاں پر یہ قانون لاگو ہے وہ Frontier ہے ہی نہیں۔ وہ قبائلی علاقہ جات ہیں۔ اس کے باوجود اس کا اسی طرح نام ہے۔ اس کے بعد crime ہے۔ تو انسان یہ تصور کرتا ہے کہ جو crime یا غلط کام ہوتے ہیں تو وہ اسی علاقے کے لوگ کرتے ہیں۔ تو جناب چیئرمین! FCR کی ابتداء غلط چیز سے شروع ہو گئی ہے۔ جناب

چیئرمین! روز اول سے ہمارے قبائلی علاقہ جات FCR کے زیر سایہ ہیں۔ FCR ایک جنگل والا قانون ہے۔

جناب چیئرمین! دنیا کے کون سے کونے میں یہ قانون رائج ہے کہ کرے کوئی اور سزا کسی اور کو ملے۔ ابتدا سے لے کر اب تک دنیا کی تاریخ کا مطالعہ کر لیں، اس طرح کا قانون نہیں ہے کہ کرے کوئی اور سزا کسی اور کو ملے۔ ایف سی آر ہمارے علاقوں میں رائج ہے۔ یہ عجیب بات ہے کہ جس آئین کی رو سے پورا پاکستان اپنی زندگی گزار رہا ہے، اس آئین سے بھی ہم باہر ہیں۔آئین کے آرٹیکل ۲۴۶ میں درج ہے کہ مجلس شوریٰ پارلیمنٹ کا کوئی ایک قانون، وفاق کے زیر انتظام کسی قبائلی علاقے یا اس کے کسی حصے پر اطلاق پذیر نہ ہوگا۔ نمبر ایک۔ پھر اس میں آگے لکھا ہوا ہے۔ کسی قبائلی علاقے سے متعلق ، دستور کے تحت نہ عدالت عظمیٰ اور نہ کوئی عدالت عالیہ اپنا اختیار سماعت استعمال کرے گی۔ یہ ہمارے قانون میں ہے۔ جناب چیئرمین! میں آپ سے عرض گزار ہوں کہ کیا ہم پاکستان کا حصہ نہیں ہیں کہ یہ آئین ہم پر لاگو نہیں ہے؟ کیا ہمارے علاقے، پاکستان کے علاقے نہیں ہیں کہ یہ آئین ہم پر لاگو نہیں ہے؟ عجیب بات تو یہ ہے کہ پاکستان کے لیے اگر کوئی قانون بنتا ہے تو ہم اس کے بنانے میں شریک ہوتے ہیں لیکن ہم اپنے لیے کوئی قانون سازی نہیں کر سکتے۔ میں اس حوالے سے، آپ کی وساطت سے پورے ایوان سے یہ مطالبہ کرتا ہوں کہ موجودہ قرارداد متفقہ طور پر پاس کرے کہ ایف سی آر میں ضروری اصلاحات ہو جائیں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: جی پروفیسر ابراہیم صاحب۔

سینیٹر پروفیسر محمد ابراہیم خان: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب چیئرمین! آپ نے بالکل درست فرمایا۔ آپ کی سربراہی میں ایک کمیٹی قائم ہوئی تھی اور FCR کا نام ---

Mr. Chairman: It is Federally Administered Tribal Areas Regulation.

سینیٹر پروفیسر محمد ابراہیم خان: جی Frontier Crime Regulation سے FATA Regulation قرار دیا ہے۔آپ نے درست فرمایا ہے۔ جناب چیئرمین! صدر مملکت نے اپنے خطاب میں اس کا تذکرہ فرمایا ہے۔ میں آپ کی اجازت سے یہ پڑھوں گا۔ صفحہ چھ پر ہے۔

"Reforms in FATA and Amendments to FCR have been finalized. Recently major political parties joined hands to endorse the reforms and demanded their immediate implementation. I congratulate the

political parties on this consensus. I assure you that the reforms announced on August 14, 2009 will soon be implemented."

جناب چیئرمین! اس کمیٹی کا میں بھی ایک ممبر ہوں اور اس سلسلے میں صدر مملکت سے ہماری ملاقات بھی ہوئی اور "soon be implemented" کی ہمیں سمجھ نہیں آتی۔ ایک لطیفہ ہے کہ نوجوان نے اپنے والد سے کہا کہ میری شادی کرا دیجیے۔ والد نے کہا کہ تھوڑا صبر کیجیے تو اس نے کہا کہ ابا جان! میں زیادہ سے زیادہ صبر کروں تو پنشین تک کر سکتا ہوں۔ یہ "soon" کب آئے گا؟ چودہ اگست ۲۰۰۹ء کو جو اعلان ہوا ہے، چاہیے تو یہ تھا کہ پندرہ اگست ۲۰۰۹ء کو یہ implement ہو جاتا۔ Constitutional Reforms Committee میں بھی اس پر بات ہوئی اور اس وقت آپ کی سربراہی میں جو کام ہوا تھا، اس کا ہم حصہ نہیں تھے۔ اس میں ہم نے درخواست دی کہ ہمیں بھی سنا جائے لیکن ہمیں موقع نہیں ملا۔ آپ کی طرف سے جو کچھ ہوا ہے، ہم یہی چاہتے ہیں کہ وہ فوری طور پر implement ہو اور میں سمجھتا ہوں کہ اس کا بہت زیادہ فائدہ ہو گا۔ حافظ صاحب کی قرارداد میں کوئی ایسی چیز نہیں ہے جس سے اختلاف کیا جا سکے۔ اس لیے میری بھی یہ درخواست ہے کہ اس کو متفقہ طور پر پاس بھی کیا جائے اور صرف قرارداد پاس کرنا ہی کافی نہیں ہے، صدر مملکت نے چودہ اگست ۲۰۰۹ء کو جو اعلان کیا تھا اور حالیہ تقریر میں انہوں نے جو تذکرہ کیا ہے، اس کو فی الفور نافذ کیا جائے۔ اس کو notify کیا جائے اور اس پر عملدرآمد شروع کر دیا جائے۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: مولانا رشید صاحب۔ ان کے بعد آپ۔

سینیٹر عبد الرشید: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین! میں سب سے پہلے اس قرارداد کی تائید کرتا ہوں۔ جناب والا! آپ کے علم میں بھی ہو گا کہ اس وقت ہمیں فاٹا میں اگر امن و امان، معیشت کے حوالے سے کچھ مشکلات ہیں تو اس کے ساتھ ساتھ ہمارے لیے ایک بڑی قانونی مشکل بھی ہے۔ میرے خیال میں ایف سی آر سرے سے قانون ہی نہیں ہے۔ اس لیے کہ قانون کا مآخذ یا تو قرآن ہوتا ہے یا حدیث ہوتی ہے یا معاشرتی روایات ہوتی ہیں یا انسانی مفادات ہوتے ہیں۔ اس میں کوئی بھی ایسی چیز نہیں ہے، جس کی وجہ سے ہم کہہ سکیں کہ یہ قانون ہے۔ ایف سی آر کا خلاصہ یہ ہے فاٹا یا ایجنسی کے تمام اختیارات کا مرکز ایک شخص ہے۔ اس کا نام پولیٹیکل ایجینٹ ہے۔ وہ اپنی مرضی سے جس کام کا ارادہ کرے، کر سکتا ہے۔ جس شخص کو چاہے تین چار سال کے لیے گرفتار کر سکتا ہے۔ اس کی گرفتاری، اس کا فیصلہ نہ ہائی کورٹ میں چیلنج ہو سکتا ہے، نہ سپریم کورٹ میں چیلنج ہو سکتا ہے بلکہ میں

یہ کہوں گا کہ ایف سی آر، فاٹا پر، قبائلی عوام پر ایک عذاب ہے۔ انگریز نے ۱۹۵۱ء میں یہ عذاب ہم پر مسلط کیا ہے۔

جناب چیئرمین: ۱۹۰۷ء میں کیا تھا۔

سینیٹر عبد الرشید: جی۔ اس قانون کی وجہ سے فاٹا کے عوام انسانیت کے دائرے سے خارج ہو گئے ہیں، حیوانیت کے دائرے میں داخل ہو چکے ہیں۔ لہٰذا حافظ صاحب نے ایف سی آر میں ترامیم کے حوالے سے جو قرارداد پیش کی ہے، میں اس کی تائید کرتا ہوں۔ آپ کی سربراہی میں اس پر بھرپور کام ہو چکا ہے اور ایف سی آر میں ترامیم کے حوالے سے ایک مسودہ ترتیب دیا جا چکا ہے۔ اگرچہ اس پر بھی ہمارے تحفظات ہیں۔ فاٹا کے پارلیمینٹرین اس میں شامل نہیں تھے۔ حالانکہ جب ترامیم تجویز کی جاتی ہیں تو ہم سے پوچھنا چاہیے کہ ہم کون سی ترامیم چاہتے ہیں لیکن پھر بھی ہم اس کی تائید کرتے ہیں۔ آپ کے مسودے کے مطابق ترامیم میں عوام کو توقعات کے مطابق ریلیف نہیں ملا لیکن پھر بھی ہم سمجھتے ہیں کہ یہ ایک آغاز ہے۔ لہٰذا ہم اس کی بھی تائید کرتے ہیں لیکن افسوس کہ اس کو ایک سال سے زیادہ کا عرصہ گزر گیا اور ابھی تک وہ نافذ نہیں ہوا۔ سوال یہ ہے کہ اس کے نفاذ میں کون سی قوتیں رکاوٹ ہیں۔ اس کے نفاذ کی ضرورت ہے اور اس قرارداد کو ایوان مہربانی کر کے منظور کرے۔

جناب چیئرمین: حاجی عدیل صاحب۔

سینیٹر حاجی محمد عدیل: جناب چیئرمین! اس قرارداد کی ہم حمایت کرتے ہیں۔ عوامی نیشنل پارٹی نے ہمیشہ کہا ہے کہ Federally Administered Tribal Areas کے لوگوں کو وہ حقوق دیے جائیں، جو دوسرے پاکستانیوں کو ملتے ہیں۔ صدر پاکستان نے مشترکہ اجلاس میں اپنی تقریر میں بھی یہ فرمایا بلکہ انہوں نے ان تمام سیاسی جماعتوں کو congratulate کیا ہے، جنہوں نے متفقہ طور پر یہ recommendations کی ہیں۔ جب ۲۰۰۹ء سے یہ مسئلہ چل رہا ہے تو اب اگر کوئی رکاوٹ ہے تو اس رکاوٹ کو دور کر دیا جائے۔ ایف سی آر اور فاٹا کے معاملات میں حکومت کی جو بھی recommendations ہیں، reforms کی جو بات کی گئی ہے، محترم صدر پاکستان کی ہے، اس پر عملدرآمد کا اعلان کیا جائے۔ ہم پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ اس کا جلد اعلان کیا جائے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ سواتی صاحب۔

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: جناب چیئرمین! I think you have taken a collective wisdom and the sense of the House اور sense یہی ہے کہ ایف سی آر ایک کالا قانون ہے۔ یہ انسان کے لیے نہیں بلکہ انسانوں کو حیوانوں کے برابر کرنے کا قانون ہے۔ جہاں پر شخصی آزادی نہ ہو، جہاں انسانیت کی قدر نہ ہو، میں سمجھتا ہوں کہ وہ قانون نہیں بلکہ وہ ایسے شکنجے بنائے گئے تھے، جن کے ذریعے انگریز اس علاقے کے لوگوں پر حکمرانی کر سکتے۔ جب لوگوں کی خواہش ہے اور ایوان کی خواہش ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ اسے جلد سے جلد enforce ہونا چاہیے۔

Soon implementation of this particular reform is the desire of the people of that particular area. It is also the sense of those people that they should be treated as Pakistani. They should be treated as human beings.

اس پر حکومت جتنی جلد پیشرفت کرے گی، یہ ملک و قوم اور اس علاقے کے لیے بہتر ہو گا۔

جناب چیئرمین: صالح شاہ صاحب۔

سینیٹر مولانا محمد صالح شاہ: شکریہ، جناب چیئرمین۔ FCR کے بارے میں میری دو، تین معروضات ہیں۔ اس بارے میں بہت سے ساتھیوں اور حافظ رشید صاحب نے بھی فرمایا ہے اور Acts کے حوالے بھی دیے ہیں۔ ایک ہے FCR کو مجموعی طور پر ختم کرنا اور دوسرا اس میں اصلاحات اور ترامیم کرنا۔ جہاں تک ترامیم کا مسئلہ ہے، اس پر قبائل بھی متفق ہیں کہ اس میں اصلاحات ہونی چاہییں۔ جو شقیں ظالمانہ، ناجائز اور انسانی حقوق سے متصادم ہیں، ان کو ختم کرنا چاہیے لیکن FCR کو سرے سے ختم کرنا ہمارے قبائل، عمائدین، مشران قوم کی روایات اور ان کے مقتضیٰ کے خلاف ہے۔ میں بھی FCR کو سرے سے ختم کرنے کے خلاف ہوں کیونکہ اس میں کچھ ایسے مسائل ہیں کہ ان کو صرف قبائل ہی سمجھ سکتے ہیں۔ اس کو سرے سے ختم کرنے سے Durand Line کا مسئلہ بھی بیچ میں آسکتا ہے۔ جناب چیئرمین! اگر FCR کو ختم کیا گیا تو میری معلومات کے مطابق وزیرستان سے لے کر باجوڑ تک کے علاقے کو یا تو صوبہ بنایا جائے گا یا اس کو صوبے میں ضم کیا جائے گا۔ دونوں صورتوں میں ہمارے قبائل کو کچھ ایسے مسائل پیش آسکتے ہیں، جن کے ہم متحمل نہیں ہو سکتے۔ جناب چیئرمین! میری گزارش ہے کہ جہاں تک ہو سکے، ظالمانہ شقوں میں اصلاحات کی جائیں، FCR کو سرے سے ختم کرنے سے ہم متفق نہیں ہیں۔ ہمارے قبائل بھی اس سے متفق نہیں ہیں کہ اس کو سرے سے ختم کیا جائے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ پروفیسر خورشید صاحب۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد: شکریہ جناب چیئرمین۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ یہ بڑا اہم مسئلہ ہے اور ہم حافظ رشید صاحب کے ممنون ہیں کہ وہ اس کو House میں لائے ہیں۔ جناب چیئرمین! جہاں تک میں نے اس کا مطالعہ کیا ہے، یہ قانون انگریزوں نے اس علاقے کو اپنی گرفت میں رکھنے اور اسے ملک کے قانون سے باہر رکھنے کے لیے بنایا تھا۔ ٹھیک ہے کہ جرگہ اور قبائل کے سرداروں کے لیے اس میں ایک گنجائش موجود ہے، مجھے اس سے انکار نہیں ہے لیکن اصل چیز fundamental rights, political parties اور وہاں پر political parties کا کام کرنا۔ اصل چیز ہے اس علاقے میں ایک ایسے نظام کا قیام ہے جو جمہوری ہو، شوریٰ پر مبنی ہو، جس میں محض عمائدین نہیں بلکہ وہاں کے تمام باشندے شریک ہو سکیں اور اس پس منظر میں ان کی تعلیم، ترقی، وہاں کا انتظام، ان کی governance کے تمام کام کیے جا سکیں۔ وہاں پر Political Agent بادشاہ سے بھی زیادہ اختیارات رکھتا ہے، یہ ہرگز قابل قبول نہیں ہے اور اگر مجھے صحیح یاد ہے تو دکھ سے یہ بات کہنی پڑتی ہے کہ خود محترم وزیراعظم صاحب نے اپنی ذمہ داری سنبھالتے ہی اس بات کا اعلان کیا تھا کہ FCR سے نجات دی جائے گی۔ صدر محترم نے 2009 میں اپنے صدارتی خطاب میں اس کا ذکر کیا، 2010 اور 2011 میں بھی اس کا ذکر کیا۔ میں ایسی کوئی بات نہیں کہنا چاہتا کہ جس سے کچھ نازک پہلو متاثر ہوں لیکن یہ بات کہنے کی ہے کہ کچھ خاص عناصر ہیں جو حائل ہیں اور جن کی وجہ سے یہ اہم اقدام کہ وہاں پر کم از کم Political Parties Act فوراً extend کر دیا جائے، اس کو بھی روک دیا گیا ہے۔ جس طرح ہم اس نام نہاد War on Terror میں hostage بن گئے ہیں اور میری نگاہ میں FCR کا معاملہ بھی اسی وجہ سے معلق ہو گیا ہے۔ اس لیے اس بات کی ضرورت ہے کہ ہم یہ بات کھل کر کہیں کہ FCR کو جانا ہے، جس کے یہ معنیٰ نہیں ہیں کہ وہاں پر کوئی اور قانون نہیں ہو گا، وہاں قانون، انتظامیہ، judiciary ہونی چاہیے، وہاں کے لیے منتخب کونسل بننی چاہیے، وہاں کے لوگوں کو وہاں پر governance کے ذمہ دار لوگوں کو منتخب کرنے کا اختیار ہونا چاہیے لیکن اس وقت اس قانون کی جو شکل ہے، حقیقت یہ ہے کہ اس کے لیے قانون کا لفظ استعمال کرنا، قانون کی تضحیک اور تذلیل ہے، اس کو قانون نہیں کہا جا سکتا۔ اس لیے اس طرف اقدام بہت ضروری ہے۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: Thank you. I now put the resolution before the House.

بخاری صاحب، وزیر صاحب تو چلے گئے ہیں۔ سیفران کے وزیر کون ہیں؟

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین! کیا بات ہے کہ وہ اس ایوان سے allergic ہیں، بخاری صاحب ان کو گھیر گھار کر لاتے ہیں اور وہ موقع پاتے ہی چلے جاتے ہیں، یہ کیا سلسلہ ہے؟

(اس موقع پر اپوزیشن کے اراکین ایوان سے walk out کر گئے)

جناب چیئرمین: بخاری صاحب، اس میں ایسا کرتے ہیں کیونکہ further discussion کے لیے وزیر صاحب کا جواب ضروری ہے، اس لیے for further discussion, resolution is deferred.

Senator Syed Nayyer Hussain Bokhari: Thank you.

جناب چیئرمین: سبینہ صاحبہ موجود نہیں ہیں، Item No. 30 is deferred. انجینیئر ملک رشید صاحب نہیں ہیں، Item No. 31 is deferred. خالد محمود سومرو صاحب نہیں ہیں، Item No. 32 is deferred. عافیہ ضیا صاحبہ آج نہیں آئیں، Item No. 33 is referred.

سینیٹر حاجی محمد عدیل: جناب! Resolution No. 29 جو FCR کے متعلق تھی، یہ کیوں نہیں ہوئی؟

جناب چیئرمین: اس کو defer کر رہے ہیں۔

سینیٹر حاجی محمد عدیل: اگر منسٹر نہیں آتے تو کیا ہم ان کے پابند ہیں؟

جناب چیئرمین: ان کی بات تو سنیں گے ناں۔

سینیٹر حاجی محمد عدیل: سارا House کہتا ہے کہ FCR میں ترمیم ہونی چاہیے۔

جناب چیئرمین: Rules کو تو follow کرنا ہے۔

سینیٹر حاجی محمد عدیل: اگر منسٹر نہ آئے تو کیا ہوگا؟

جناب چیئرمین: اسی لیے تو اس کو defer کیا ہے۔ کئی مرتبہ ممبران نہیں آئے، ہم نے defer کیا ہے۔

سینیٹر حاجی محمد عدیل: پھر آپ اس کو private member bill declare کریں، یہ کل pass ہو، کل منسٹر آئے۔ اگر منسٹر نہیں آئے، یہ منسٹر تنخواہ کیوں لیتے ہیں، وہ آتے نہیں ہیں۔

Mr. Chairman: You can't take it. Haji *Sahib*, please. Item No. 34.

سینیٹر حاجی محمد عدیل: بخاری صاحب، آپ Prime Minister کو represent کرتے ہیں، آپ Leader of the House ہیں۔

Senator Syed Nayyer Hussain Bokhari: Sir, certainly this was the issue which was taken up today.

Mr. Chairman: I have already given a ruling.

Senator Syed Nayyer Hussain Bokhari: Sir, because it is debated today, let us give an opportunity to the government to respond.

Mr. Chairman: I have already given the ruling. Item No. 34.

ڈاکٹر اسمٰعیل بلیدی صاحب موجود نہیں ہیں۔ Item No. 35 عبدالحسیب خان صاحب۔ آپ اس motion کو لینا چاہیں گے؟

سینیٹر عبدالحسیب خان: جناب! یہ بڑی important motion ہے۔ جناب چیئرمین! میں اس subject پر چھ ماہ سے کوشش کر رہا ہوں، بڑی مشکل سے نمبر آتا ہے تو وزیر صاحب چلے جاتے ہیں۔ یہ پورے ملک کا مسئلہ ہے، health, industry, export کا مسئلہ ہے۔

جناب چیئرمین: بخاری صاحب، health کا portfolio کس کے پاس ہے؟

Senator Syed Nayyer Hussain Bokhari: Sir, at the moment, it is with the Prime Minister.

Mr. Chairman: Health is with the Prime Minister.

سینیٹر سید نیّر حسین بخاری: اس پر میری گزارش ہے کہ after 18th Amendment, Health Ministry is with….

جناب چیئرمین: Health تو ویسے ہی provinces میں چلا جائے گا۔

سینیٹر عبدالحسیب خان: جناب! یہ بات نہیں ہے، اس سلسلے میں بہت سی باتیں ہو چکی ہیں۔ 18th Amendment کا مطلب یہ نہیں ہے کہ پورے پاکستان کے عوام کو زندہ درگور کر دیا جائے۔ چیئرمین صاحب سے میری کئی meetings ہو چکی ہیں، یہ مسئلہ بالکل مختلف ہے۔

جناب چیئرمین: میں دیکھ رہا ہوں، in the light of 18th Amendment in the Constitution.

سینیٹر عبدالحسیب خان: جناب! یہ معاملہ دو، تین سال سے نہیں، دس سال چل رہا ہے۔ میں چھ ماہ سے کوشش کر رہا ہوں، آج میری قسمت اچھی تھی کہ یہ آج میرا motion آ گیا لیکن پھر وہی بات ہے کہ آج ---

جناب چیئرمین: اس کو commenced کر دیتے ہیں۔

Senator Syed Nayyer Hussain Bokhari: Sir, let him move it.

Mr. Chairman: Haseeb *Sahib,* please move the motion.

Senator Abdul Haseeb Khan: It is hereby moved that the House may discuss the health policy of the Government with particular reference to registration and pricing of drugs, National Health Programmes and formation of drug regulatory authority in the light of 18th Amendment in the Constitution of Islamic Republic of Pakistan.

Mr. Chairman: We will start discussion on it.

Senator Syed Nayyer Hussain Bokhari: Sir, without considering to the…

Mr. Chairman: This will be a commenced motion, now the discussion will start on this.

سینیٹر عبدالحسیب خان: جناب! اس پر discussion کرنا بہت ضروری ہے۔

جناب چیئرمین: حسیب صاحب، آپ کا motion, commenced motion ہو گیا ہے۔ You want to start the debate today or you want to do on the….

سینیٹر عبد الحسیب خان: جناب! وزیر صاحب نہیں ہیں، اس لیے اس کا فائدہ نہیں ہو گا۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے اس کو defer کر دیتے ہیں۔ It is a commenced motion now.

سینیٹر عبد الحسیب خان: جناب! اس پر comments تو آئیں گے۔

جناب چیئرمین: Commenced motion ہمیشہ پہلے آتا ہے۔

It gets preference over the other regular motions.

Senator Abdul Haseeb Khan: Thank you very much.

جناب چیئرمین: وسیم سجاد صاحب تو walk out کر گئے ہیں۔

سینیٹر سید نیّر حسین بخاری: میں ان کو لے آؤں۔

جناب چیئرمین: لے آئیے، کرنل صاحب بھی نہیں ہیں۔

سینیٹر حاجی محمد عدیل: آپ وزیروں کو لائیں۔

(اس موقع پر Opposition ایوان میں واپس آ گئی)

جناب چیئرمین: کسی کے points of order ہیں؟ انہوں نے درمیان میں points of order لے لیے تھے، ان کے points of order ہو چکے ہیں۔ فرح صاحبہ! اگر آپ کا کوئی point of order ہے تو کر لیں۔ جی

motion should be deferred?

سینیٹر وسیم سجاد: جناب! میری گزارش ہو گی، اگر Leader of the House اجازت دیں تو اس کو committee میں بھیج دیں تا کہ یہ وہاں پر discuss ہو جائے۔

جناب چیئرمین: جی، motion committee میں بھیجیں؟

سینیٹر وسیم سجاد: جی ہاں، as the matter to be considered, if there is no objection میں نے Chairman of the Committee سے بھی بات کی تھی، انہوں کہا کہ مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے،

we can consider this matter.

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے۔

Let the subject matter of the motion be referred to the concerned committee for examination.

Senator Wasim Sajjad: Sir, thank you very much.

جناب چیئرمین: فرخ عاقل صاحبہ! آپ point of order پر بات کریں۔ ہاں، ٹھیک ہے جس کی بھی کمیٹی ہو، .I am not concerned about that جی فرخ عاقل صاحبہ! آپ اپنا point of order کر لیں کیونکہ پھر نماز کا وقت ہونے والا ہے۔

Points of Order:

Cheating in Examinations

سینیٹر فرخ عاقل: جناب! میں یہ کہنا چاہ رہی تھی اور آپ کو بھی معلوم ہو گا کہ recently metric کے examinations شروع ہو چکے ہیں اور 1st year کے شروع ہونے والے ہیں۔ جناب! بہت زیادہ concern کی بات ہے، میرے لیے بھی ہے، یقیناً آپ سب کے لیے بھی ہو گی اور پورے House کے لیے بھی ہے کہ کس ڈھٹائی اور دیدہ دلیری سے cheating کا ایک mafia یا کچھ بھی کہہ لیں، یہ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں ہے، ہر ایک کو پتا ہے کہ پورے کے پورے ہال بکے ہوئے ہیں اور cheating کس دھڑلے سے ہو رہی ہے۔ ان بچوں سے بہت زیادہ زیادتی ہوتی ہے جو سارا سال پڑھائی کرتے ہیں اور exams کی تیاری کرتے ہیں، ان سے کتنی زیادتی ہے کہ cheating سے زیادہ تر وہی بچے numbers لے لیتے ہیں۔ آج کل ایسے numbers score کر لیتے ہیں، انسان حیران ہوتا ہے کہ انہوں نے یہ numbers کس طرح لیے ہیں۔ میں concerned authorities کو کہنا چاہوں گی کہ please وہ اس پر action لیں۔

جناب! آپ یقین کریں کہ پوری تصاویر دکھائی جا رہی ہیں، سارے channels record کر کے آتے ہیں، ایسا نہیں ہے کہ کوئی غلط بات ہے، ان کو اس بات کا کوئی مسئلہ نہیں ہے کیونکہ یہ چیز اتنے عرصے سے ہو رہی ہے۔ میں یہاں تک کہوں گی کہ کوئی اس کی سرپرستی کر رہا ہے کیونکہ they are not bothered, اس میں جو بھی لوگ ملوث ہیں۔

جناب چیئرمین: بخاری صاحب! اس بارے میں آپ کا کیا view ہے جو فرخ عاقل صاحبہ نے بات کی ہے۔

سینیٹر سید نیر حسین بخاری: جناب! معزز سینیٹر صاحبہ نے جو کہا ہے، obviously ان بچوں کے لیے really such difficult situation ہے، وہ محنت کر رہے ہیں۔ جناب! primarily, this is a provincial subject because Federal Government level پر جو institutions اسلام آباد کے ہیں، ہم ان کے بارے میں بات کر سکتے ہیں لیکن جو provinces میں institutions ہیں تو وہاں پر education boards, universities ہیں، وہ اپنے exams conduct کرواتی ہیں۔

Certainly, these issues are related to the provinces, these should be raised over there, if she has gotten a specific allegation regarding the Islamabad Capital Territory, we ensure that, we will respond for that to the House, also.

مجھے specific بتائیں، we can surely take action against them.

جناب چیئرمین: فرح صاحبہ! یہ اسلام آباد کا مسئلہ ہے یا کسی اور جگہ کا ہے۔

سینیٹر فرح عاقل: جناب! سب جگہ پر ہوتا ہے۔

جناب چیئرمین: بخاری صاحب فرما رہے ہیں کہ کوئی specific ہے تو مجھے بتائیں then they will look into it. جی بیگم نجمہ حمید صاحبہ۔

II. Missing Persons

سینیٹر بیگم نجمہ حمید: جناب چیئرمین! یہاں پر ایک camp لگا ہوا ہے اور ہم اس میں گئے تھے، بلوچستان کے جو missing persons ہیں، ان کی families وہاں پر بیٹھی ہوئی تھیں۔ جناب والا! وہ بہت دکھی تھے اور ان کی بچیاں رو رہی تھیں، کوئی سات سالوں سے غائب ہے اور کوئی آٹھ سالوں سے غائب ہے، وہ کہتے ہیں کہ ان کو ہمارے سامنے پکڑ کر لے گئے تھے۔ ان کے young بہن، بھائی پکڑ کر لے گئے تھے۔ وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ جو لاشیں چھوڑ کر جاتے ہیں، وہ بھی دیکھنے والی نہیں ہوتیں، ان کا کوئی پتا نہیں ہے۔ ہم لوگوں نے کہا کہ ہم نے بہت بات کی ہے، ریحانہ صاحبہ بھی میرے ساتھ تھیں، انہوں نے کہا کہ آپ چھوڑ کیوں نہیں دیتے، میں نے کہا کہ ہم رحمٰن ملک صاحب سے کہہ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ رحمٰن ملک صاحب کبھی سچی بات نہیں کرتے، انہوں نے ہمیشہ غلط بات کی ہے، وہ کہتے ہیں کہ وہ غائب نہیں ہیں، آپ جھوٹ بول رہی ہیں، یہ تو اذان گواہی دیتی ہے کہ

ان کے لوگ واقعی missing ہیں، وہ جھوٹ نہیں بول رہے۔ جیسے ان کے آنسو بہہ رہے تھے اور وہ جیسے دکھی داستان سنا رہے تھے، ایسے کوئی بندہ غلط بات نہیں کرتا۔

جناب چیئرمین: اذان سن لیں۔

(اس موقع پر ایوان میں اذان مغرب کی آواز سنائی دی)

جناب چیئرمین: اب نماز کا وقفہ کر لیتے ہیں۔

سینیٹر بیگم نجمہ حمید: جناب! میں اپنی بات مکمل کر لوں۔

جناب چیئرمین: جی، آپ اپنی بات کر لیں۔

سینیٹر بیگم نجمہ حمید: جناب! انہوں نے کہا ہے کہ ان کی یہ فریاد آپ تک بھی پہنچائیں اور جیسے ان کے آنسو بہہ رہے تھے، واقعی ان کے لوگ بہن، بھائی اور بیٹے غائب ہیں، وہ اس طرح رو رہے تھے۔ میں آپ کی وساطت سے یہ بات کہنا چاہتی ہوں کہ آپ Prime Minister صاحب سے کہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ ایجنسیوں کو پتا ہے، اگر رحمٰن ملک صاحب کو پتا نہیں ہے۔ میں یہ کہنا چاہتی ہوں کہ آپ اس کا کوئی نہ کوئی حل سوچیں اور بلوچستان کی لاوارث بچیوں کے وارث، ان کے والدین، ان تک پہنچا دیں۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے۔ وسیم سجاد صاحب، بخاری صاحب! are we starting the discussion on the Presidential address? مندوخیل صاحب! ایک منٹ بیٹھ جائیں، میں کوئی فیصلہ تو کر لوں۔

سینیٹر وسیم سجاد: جناب! میری یہ گزارش ہو گی کہ میرے خیال میں اس وقت interest کم لگ رہا ہے، کوئی وزیر بھی موجود نہیں ہے تو ان کی تقریر کے بعد adjourn کر دیں and may be we can start tomorrow. کیونکہ کوئی وزیر بھی موجود نہیں ہے، تقریر کون سنے گا۔

جناب چیئرمین: اس کے علاوہ کوئی اور business after the مغرب prayers نہیں ہے۔ Points of order quickly لے لیں کیونکہ میں نے نماز پڑھنی ہے، ذرا یہ ذہن میں رکھیں ورنہ میری نماز قضا ہو جائے گی یا میں نماز پڑھ کر آجاؤں یا صبح دس بجے رکھ لیتے ہیں۔ صبح کر لیں گے، ٹھیک ہے، صبح ساڑھے دس بجے تک adjourn کر دیتے ہیں پھر ایسا کرتے ہیں کہ questions hour کے بعد points of order لے لیں گے تا کہ یہ پہلے ہو جائیں، after the

questions hour we will take up the points of order, we will make an exception to the rule. ٹھیک ہے، the House stands adjourned to meet again on Wednesday the 6th April, 2011 at 10.30 a.m. شکریہ۔

–––––––––––––

[The House was then adjourned to meet again at 10.30 a.m. on 6th April, 2011]

–––––––––––––